**Oil & Gas Development Company Limited**

the energy

# اطلاعِ عام
# برائے سالانہ اجلاسِ عام

اشتہار ہٰذا کے ذریعے مطلع کیا جاتا ہے کہ آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ کا 28 واں سالانہ اجلاسِ عام مورخہ 27 اکتوبر 2025 بروز پیر صبح 9 بجے، او جی ڈی سی ہیڈ آفس، اسلام آباد میں منعقد ہوگا، جس میں درج ذیل امور زیرِ غور لائے جائیں گے

عمومی کاروباری امور:

1۔ 27 ویں سالانہ اجلاسِ عام منعقدہ مورخہ 25 اکتوبر 2024 کے منٹس کی توثیق۔

2۔ 14 ویں غیر معمولی اجلاسِ عام منعقدہ مورخہ 10 ستمبر 2025 کے منٹس کی توثیق۔

3۔ کمپنی کے انفرادی اور مجموعی سالانہ آڈٹ شدہ مالی بیانات برائے اختتام سال 30 جون 2025 بمعہ ڈائریکٹرز، آڈیٹرز کی رپورٹس اور چیئرمین کا جائزہ کی روشنی میں رپورٹ وصولی، غور اور منظوری۔

4 ۔ سال 30 جون 2025 کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق (فی شیئر روپے -/5 یعنی حتمی نقد منافع 50%) کی منظوری دینا۔ (یہ منافع ان تین عبوری نقد منافع جات کے علاوہ ہے جن کی مجموعی شرح 100.50% یعنی فی شیئر -/10.05 روپے بنتی ہے اور جو سال کے دوران ادا کیے جا چکے ہیں۔)

5۔ سال 26-2025 کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضہ کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز ,M/s. A.F. Ferguson & Co. چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، اس اجلاس کے اختتام پر سبکدوش ہو جائیں گے۔

6۔ چیئرمین کی اجازت سے کوئی اور امور

بذریعہ حکم بورڈ

اسلام آباد

اکتوبر 03، 2025

وسیم احمد

کمپنی سیکریٹری

اہم نکات:

## 1۔ شیئر ٹرانسفر بُکس کی بندش

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بُکس مورخہ 23 اکتوبر 2025 سے 27 اکتوبر 2025 تک (بشمول دو دن) بند رہیں گی اور اس دوران شیئرز کی کوئی منتقلی رجسٹریشن کے لیے قبول نہیں کی جائے گی۔ تاہم، وہ منتقلیاں جو بروقت اور مکمل صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر میں مورخہ 22 اکتوبر 2025 کو کاروباری اوقات کار کے اختتام تک موصول ہو جائیں گی، انہیں بروقت تصور کیا جائے گا اور ان کے حامل شیئر ہولڈرز کو سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور حتمی نقد منافع (اگر شیئر ہولڈرز کی منظوری سے اعلان کیا گیا) کے لیے اہل تصور کیا جائے گا۔

## 2۔ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کا طریقہ کار:

سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق رکھنے والے ہر رکن کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ اپنی جگہ کسی دوسرے شخص کو بطور پراکسی مقرر کر سکتا ہے، جو اجلاس میں شریک ہو کر اس کی جانب سے ووٹ دے سکے۔ تاہم پراکسی فارم کو مؤثر بنانے کے لیے ضروری ہے کہ وہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے، باقاعدہ اسٹامپ شدہ اور دستخط شدہ حالت میں جمع کرا دیا جائے۔

## 3۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز درج ذیل ہدایات پر عمل کریں:

(الف) اجلاس میں شرکت کے لیے:

- انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور جن کی رجسٹریشن تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہوں، انہیں اپنی شناخت کے لیے اجلاس کے وقت اصل قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ کے ہمراہ شرکت کرنا ہوگی۔
- کارپوریٹ اداروں کی صورت میں، ڈائریکٹرز بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد نمائندے کے دستخط کی تصدیق اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوگی (اگر پہلے سے فراہم نہ کی گئی ہو)۔

(ب) پراکسی کے تقرر کے لیے:

(i) انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور جن کی رجسٹریشن تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہوں، انہیں درج بالا تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

(ii) پراکسی فارم پر دو گواہان کے دستخط ہونا لازمی ہیں، جن کے نام، پتے اور قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج کیے جائیں گے۔

(iii) بینیفیشل اونر اور پراکسی، دونوں کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کرنا لازمی ہوں گی۔

(iv) پراکسی ہولڈر کو اجلاس کے وقت اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(v) کارپوریٹ اداروں کی صورت میں، ڈائریکٹرز بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد نمائندے (بمقصد کارپوریٹ ادارے کی نمائندگی اور ووٹنگ) کی دستخط شدہ تصدیق پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو جمع کرانا ہوگی (اگر پہلے سے فراہم نہ کی گئی ہو)۔

پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.ogdcl.com پر دستیاب ہیں۔

## 4۔ ویڈیو کانفرنس کی سہولت

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (2)132 کے مطابق کسی ایک جغرافیائی علاقے میں رہائش پذیر شیئر ہولڈرز، جو مجموعی طور پر کم از کم 10% شیئرز رکھتے ہوں، سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم 7 دن قبل بذریعہ ویڈیو کانفرنس شرکت کے لیے اپنی رضامندی فراہم کریں تو کمپنی اس شہر میں، جہاں ویڈیو کانفرنس کی سہولت دستیاب ہو، مذکورہ سہولت فراہم کرے گی۔

اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے براہ کرم اپنی درخواست درج ذیل پتے پر کمپنی سیکریٹری کو ارسال کریں:

کمپنی سیکریٹری، آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ، او جی ڈی سی ہاؤس، پلاٹ نمبر 3، ایف-6/ جی-6، جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد۔

## 5۔ پتے کی تبدیلی

اراکین سے گزارش ہے کہ اپنے ڈاک کے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کو مطلع کریں۔

## 6۔ الیکٹرانک ذرائع سے منافع کی ادائیگی

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 242 کے مطابق مستقبل میں منافع کی ادائیگی الیکٹرانک ذرائع کے ذریعے ممکن بنانے کے لیے شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ درج ذیل معلومات فراہم کریں:

- بینک اکاؤنٹ ٹائیٹل: --------------------------
- بینک اکاؤنٹ (IBAN) نمبر: --------------------------
- بینک کا نام: --------------------------
- برانچ کا نام اور پتہ: --------------------------
- شیئر ہولڈر کا قومی شناختی کارڈ نمبر (CNIC): --------------------------
- شیئر ہولڈر کا موبائل نمبر: --------------------------
- شیئر ہولڈر کا لینڈ لائن نمبر (اگر کوئی ہو): --------------------------

## 7۔ سالانہ رپورٹس کی بذریعہ ای۔میل ترسیل

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے نوٹیفکیشن S.R.O 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 اور 30 اکتوبر 2023 کو منعقدہ سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی منظوری کے مطابق کمپنی اب سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی سٹیٹمنٹ CD/DVD/USB کے بجائے QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے جاری کر رہی ہے۔

سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی سٹیٹمنٹ بمعہ رپورٹس اور سالانہ اجلاس عام کا نوٹس اُن اراکین کو بذریعہ ای۔میل بھیجا جا رہا ہے جنہوں نے اپنے ای۔میل پتے فراہم کیے ہیں۔ اس کی کاپی ان اراکین کو فراہم کی جائے گی جو اس کی درخواست کریں گے۔

## 8۔ کمپنی کی ویب سائٹ پر آڈٹ شدہ مالیاتی سٹیٹمنٹس کی دستیابی

کمپنی کے سال 30 جون 2025 کے آڈٹ شدہ مالیاتی سٹیٹمنٹ کمپنی کی ویب سائٹ www.ogdcl.com پر دستیاب ہیں۔ علاوہ ازیں گزشتہ برسوں کے سالانہ اور سہ ماہی مالیاتی سٹیٹمنٹ بھی مذکورہ ویب سائٹ کے لنک https://ogdcl.com/all-financial-reports اور QR کوڈ کے ذریعے دیکھے یا ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔

## 9۔ فزیکل شیئر ہولڈرز کی تفصیلات کا لازمی اندراج

کمپنیز ایکٹ 2017 کی سیکشن 119 اور کمپنیز ریگولیشنز 2024 کی ریگولیشن 47 کے مطابق، جملہ فزیکل شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنی لازمی معلومات جیسے قومی شناختی کارڈ نمبر، پتہ، ای میل، موبائل رابطہ نمبر/فون نمبر، انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (آئی بی اے این)، وغیرہ ہمارے شیئر رجسٹرار کو درج ذیل پتہ پر فوری طور پر ارسال کریں تاکہ مستقبل میں کسی بھی قانونی پیچیدگی یا زحمت سے بچا جا سکے۔

سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ

سی ڈی سی ہاؤس، 99 بی۔ بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس

مین شاہراہ فیصل،

کراچی 74400

فون: 500 111 111 21 92+

فیکس: 34326053 21 92 +

Website: www.cdcsrsl.com

Email: info@cdcsrsl.com

## 10۔ فزیکل شیئرز کو سی ڈی سی اکاؤنٹ میں منتقل کرنا:

کمپنیز ایکٹ 2017 کی سیکشن 72 کے مطابق تمام لسٹڈ کمپنیوں کو چاہیے کہ وہ اپنے جاری کردہ فزیکل فارم میں موجود شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ اسی طرح، کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو درخواست کی جاتی ہے وہ اپنے پاس موجود فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں سی ڈی سی کے ساتھ جلد از جلد منتقل کریں۔ شیئر ہولڈرز اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں منتقل کرنے کے لیے کمپنی یا شیئر رجسٹرار سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

## 11۔ عدم وصول شدہ منافع جات اور شیئر سرٹیفکیٹس

کمپنی نے قبل ازیں کمپنیز ایکٹ 2017 کی سیکشن 244 کے تحت اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے ہوئے قانون کے مطابق، عدم وصول شدہ منافع جات اور عدم ترسیل شدہ شیئر سرٹیفکیٹس کے ضمن میں شیئر ہولڈرز سے رابطہ کیا تھا۔ وہ شیئر ہولڈرز جن کے منافع جات ابھی تک وصول نہیں کیے گئے یا انہیں شیئر سرٹیفکیٹس کی ترسیل نہیں ہوئی، سے ایک بار پھر استدعا کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی سے رابطہ کریں اور منافع کی واجب الادا رقم یا عدم ترسیل شدہ شیئر سرٹیفکیٹس حاصل کریں۔ ایسے شیئرز اور منافع جات کی تفصیلات کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

## 12۔ سالانہ اجلاس عام میں ورچوئل شرکت

ویڈیو لنک کے ذریعے AGM میں شرکت کے خواہاں ممبران کو درج ذیل معلومات general.meetings2025@ogdcl .com پر فراہم کرنا ہوں گی۔

| نام شیئر ہولڈر | قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی تعداد | فون نمبر | ای میل پتہ |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

ویڈیو لنک کے ذریعے AGM میں شرکت کے لیے اُن ممبران کو جن کی ای میل میں تمام مطلوبہ معلومات شامل ہوں گی، کو سالانہ اجلاس عام سے ایک دن قبل لنک فراہم کیا جائے گا۔ آپ کی ای میلز درج بالا ایڈریس پر 26 اکتوبر 2025 کو بوقت 5 بجے شام تک پہنچنا لازمی ہیں۔ لاگ ان کی سہولت 27 اکتوبر 2025 کو سالانہ اجلاس عام کے اختتام تک میسر رہے گی۔

## 13۔ شیئر ہولڈرز کو تحائف دینے پر پابندی

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے اپنے سرکلر 2 مورخہ 9 فروری 2018 اور مورخہ 17 مارچ 2025 کو جاری کردہ S.R.O.452(1)/2025 میں کمپنیوں کو سختی سے منع کیا ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو کسی بھی اجلاس عام یا اس کے ضمن میں کوئی تحفہ بطور ترغیب (ٹوکن/کوپن/لنچ/ساتھ لیے جانے کے لیے پیکیجز) کسی بھی شکل یا صورت میں نہ دیں۔ قانون کی سیکشن 185 کے تحت، ان ہدایات کی کسی بھی طرح سے خلاف ورزی کو جرم تصور کیا جائے گا اور عدم پاسداری پر کمپنیوں کو جرمانے کا سامنا کرنا پڑے گا۔

### پراکسی فارم
## 28 واں سالانہ اجلاس عام
### آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ

میں/ہم ________________________________

سکنہ ____________________ آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ کے ممبر کی حیثیت سے ____________ عمومی شیئر (شیئرز) حسب رجسٹر فولیو نمبر ____________ یہاں پر کو اپوائنٹ ____________ فولیو نمبر (اگر ممبر ہوں) ____________ کی ____________ یا دوسرا متبادل ہوگا ____________ فولیو نمبر (اگر ممبر ہو) ________ کا ________ بطور میرا/ہمارا پراکسی میری عدم موجودگی میں 28 ویں اجلاس عام میں میری طرف سے شرکت کرنے یا ووٹ دینے کا مجاز ہے جو کہ 27 اکتوبر 2025 کو منعقد ہوگا۔ اور اس کی کسی بھی ملتوی شدہ کارروائی میں۔ دستخط بطرفِ دستخط کنندہ/کنندگان، اس ________ دن ________ 2025 کو کیے گئے۔

Affix Revenue Stamp

یہ دستخط میرے/ہمارے ہاتھ سے اس ________ دن ________ 2025 کو کیے گئے۔

________________

دستخط ممبر

دستخط پراکسی: ________________ نام: ________________

فولیو/سی ڈی سی/اے سی نمبر ________________

دستخط روبرو کیے گئے:

گواہ:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | دستخط | 2. | دستخط |
| | نام | | نام |
| | پتہ | | پتہ |
| | قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ | | قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ |

نوٹس:

1۔ جو ممبر اجلاس میں شرکت کرنے کا مجاز ہے وہ اجلاس میں شرکت کرنے کے لیے پراکسی کو تحریری طور پر نامزد کر سکتا ہے کہ وہ ممبر کی جگہ اجلاس میں شرکت کرے۔

2۔ اگر کوئی ممبر اجلاس میں شرکت نہیں کر سکتا تو وہ اس فارم کو مکمل پُر کرے اور کمپنی سیکرٹری کو بھیج دیں۔
آئل اینڈ گیس ڈیویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ، ہیڈ آفس F-06، او جی ڈی سی ہاؤس، جناح ایونیو، بلیو ایریا اسلام آباد۔
آپ کا بھیجا ہوا فارم اجلاس شروع ہونے سے 48 گھنٹے قبل تک پہنچنا لازمی ہے۔

**سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز/کارپوریٹ ادارہ جات کے لیے**

اوپر درج شدہ کے علاوہ درج ذیل تقاضے بھی پورے کرنا ہوں گے۔:

I۔ شیئر ہولڈرز اور اس کے پراکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول۔

II۔ پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

III۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ مع نمونے کے دستخط پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو پیش کرنے ہوں گے۔

**Oil & Gas Development Company Limited**
OGDCL House, Plot No. 3, F-6/G-6, Jinnah Avenue,
Blue Area, Islamabad, Pakistan.
Tel: +92 (51) 9244102-3, Fax: +92 (51) 9244104

the energy

ogdcl.com

No. 189/23